مارکسی تحریک کی مشکلات اور ان کا حل

(اسٹریٹجک لائن 7 صنعتی انقلاب)

کرنی ہوگی۔ ہمارے ہاں ایک طرف تو ٹریڈ یونین تحریک کو ایک انقلابی سوشلسٹ پروگرام کے گرد منظم کرنا ہوگا اور دوسری طرف ہمیں ایک انقلابی پارٹی کی تعمیر کا کام بھی کرنا ہوگا۔ یہ دونوں کام ایک ساتھ ہی کرنے ہوں گے۔ ہم کو ٹریڈ یونین تحریک کو ایک انقلابی پروگرام کے گرد منظم کرنا ہوگا۔ ہمارے ہاں ٹریڈ یونین تحریک کا پروگرام کیا ہے؟ وہ کیا کرتی ہے؟ وہ کیا کرتی ہے کہ مزدوروں کو کچھ تنخواہ زیادہ مل جائے، کچھ الاؤنس مل جائے، کچھ بونس مل جائے، کچھ پنشن مل جائے، کچھ علاج کی سہولت مل جائے، کچھ رہائش کی سہولت مل جائے، کچھ بچوں کی تعلیم کی سہولت مل جائے۔ یہ ٹریڈ یونین تحریک کا پروگرام ہے۔ یہ پروگرام کیا ہے؟ یہ پروگرام یہ ہے کہ مزدوروں کو کچھ مل جائے۔